کهتي تهي بانو اصغر پيارے جهولا تيرا خالي هے

کهتي تهي بانو اصغر پيارے جهولا تيرا خالي هے
سوتا هے کِس جنگل ميں تو جهولا تيرا خالي هے

تُجهکو جهولاتي شِيرپلاتي سب کو دِکهاتي لےکے تُجهکو
آج ميں خالي بيٹهي هوں اور جهولا تيرا خالي هے

آلِ نبي کے گهر ميں تُجه سے اصغر پيارے بستي تهي
آج يه گهر هوا تُجه سے خالي جهولا تيرا خالي هے

پاني پينے بابا کے دونوں هاتهوں پر تو رن ميں گيا
پاني پي کے واپس نه آيا جهولا تيرا خالي هے

کها کر تير گلے ميں بيٹا قبر ميں جاکر سوتا هے
ميرا گهر هوا تُجه سے خالي جهولا تيرا خالي هے

هاتھوں میں شمسِ امامة کے تو مُشتري بَن کے آیا تھا
گود هوئي شبّیر کي خالي جھولا تیرا خالي هے

شیر میں کسکو پلاؤں اصغر گود میں کِسکو بٹھاؤنگي
هوگئي گودي میري خالي جھولا تیرا خالي هے

جنّة میں اب نانا بابا فاطمة تُجھ کو جُھلائینگے
جھولنا بیٹا جنّة میں اب یہاں کا جھولا خالي هے

رب نے تیري خاطر بنایا نور کا جھولا جنّة میں
وهاں کا جھولا بھر گیا تُجھ سے یہاں کا جھولا خالي هے

*****